**16.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~

☆ بہار میں، سرکار کی تشکیل کے تعلق سے سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آگئی ہے۔ JDU قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرنے کیلئے آج میٹنگ ہونے کا امکان ہے۔

☆ اترپردیش کے سون بھدر ضلعے میں ایک کان کے دھنس جانے سے ایک کارکن کی موت ہوگئی، جبکہ 10 سے زیادہ کارکنوں کے وہاں پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں تین ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔

☆ امریکہ نے کئی غذائی اشیاء پر محصولات کم کردیئے ہیں، جن میں بھارت سے درآمد کی جانے والی غذائی اشیاء بھی شامل ہیں۔

☆ آج قومی پریس ڈے منایا جارہا ہے۔

☆ عالمی باکسنگ کپ Finals قومی راجدھانی خطے کے گریٹر نوئیڈا میں شروع ہورہے ہیں۔

☆ اور مردوں کی کرکٹ میں، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹسٹ میچ جاری ہے۔

\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev Bihar - Govt. Formation**

بہار میں نئی سرکار کی تشکیل کیلئے سیاسی صلاح و مشورے کے عمل میں تیزی آگئی ہے۔ پٹنہ میں وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار کی رہائش گاہ، سیاسی سرگرمیوں کا اصل مرکز بن گیا ہے، جہاں اتحادی پارٹیوں کے ساتھ کئی میٹنگیں ہوئی ہیں۔ NDA کے کئی سرکردہ رہنماؤں نے وزیرِ اعلیٰ سے ملاقات کی اور اگلی سرکار بنانے کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔

BJP کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر نتیانند رائے، نائب وزیرِ اعلیٰ وجے کمار سنہا اور راشٹریہ لوک مورچے کے صدر اُپیندر کُشواہا نے آج نتیش کمار سے ملاقات کی۔ NDA میں شامل پارٹیوں کے ارکانِ اسمبلی کی میٹنگیں بھی آج ہورہی ہیں۔

JDU نے پٹنہ میں اپنے نئے منتخب 85 ارکانِ اسمبلی کو طلب کیا ہے۔ آج JDU لیجسلیچر پارٹی کی میٹنگ ہونے کا امکان ہے، جس میں پارٹی صدر نتیش کمار کو لیجسلیچر پارٹی کا لیڈر منتخب کئے جانے کی امید ہے۔

اِدھر BJP لیجسلیچر پارٹی کی میٹنگ کل ہونے کا امکان ہے۔

NDA میں شامل سبھی پارٹیوں کی جانب سے اپنی اپنی قانون ساز پارٹی کے لیڈر منتخب کرلینے کے بعد NDA نئے منتخب سبھی 202 ارکانِ اسمبلی کی مشترکہ میٹنگ ہوگی، جس میں NDA قانون ساز پارٹی کے لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا۔x

**Hyd Vice President**

نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کچھ دیر کیلئے آج شام حیدرآباد جائیں گے۔ وہ Begumpet ہوائی اڈے پر اتریں گے۔ وہ فلم سٹی میں Ramoji Exellence Awards 2025 کی تقریب میں شرکت کریں گے اور آج رات ہی دلّی واپس آجائیں گے۔ x

**Sonbhadra Accident**

اترپردیش کے سون بھدر ضلعے میں کل شام ایک کان کے دھنس جانے سے ایک شخص کی موت ہوگئی، جبکہ 10 سے زیادہ لوگوں کے وہاں پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ NDRF اور SDRF کی ٹیمیں نیز مقامی انتظامیہ وہاں پھنسے ہوئے کارکنوں کو بچانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کررہی ہیں۔ اعلیٰ عہدیدار بھی وہاں موجود ہیں۔

ایڈیشنل ڈی جی پی پیوش Mordiya نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ Obra کے Billi Markundi گاؤں میں کرشنا Mines کے اندر ایک دیوار کے گرنے سے یہ کارکن وہاں پھنس کر رہ گئے۔ مرنے والے شخص کی لاش نکال لی گئی ہے۔x

**Chhattisgarh Maoists Encounter**

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں دو خاتون باغیوں سمیت تین ماؤ نواز مارے گئے۔ پولیس کے مطابق Tumaalpad علاقے کے جنگلوں میں ماؤ نوازوں کے موجود ہونے کے بارے میں خفیہ اطلاع ملنے پر ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک ٹیم کو تلاش کی کارروائی کیلئے بھیجا گیا تھا۔

معلوم ہوا ہے کہ آج صبح سے سکیورٹی فورسز اور ماؤ نوازوں کے درمیان رُک رُک کر گولی باری ہورہی ہے۔ اب تک تین ماؤ نوازوں کی لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ اُن پر مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔

سکیورٹی اہلکاروں نے تصادم کی جگہ سے ایک رائفل، BGL لانچرز اور دیگر ہتھیار اور دھماکہ خیز مادہ بھی ضبط کیا ہے۔

بستر رینج کے انسپکٹر جنرل پولیس سُندر راج نے بتایا ہے کہ علاقے میں پولیس اور سکیورٹی دستوں کی اضافی ٹیموں کو بھیجا گیا ہے۔ علاقے میں تلاش کی بڑی کارروائی جاری ہے۔x

**J&K - IED**

جموں و کشمیر میں سکیورٹی فورسز نے کل سرحدی ضلع راجوری میں دیسی ساخت کا ایک دھماکہ خیز حربہ برآمد کیا اور بعد میں اِسے ایک محدود دھماکے کے ذریعے تباہ کردیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِس دھماکے سے ایک مکان کو جزوی طور پر نقصان پہنچا، جو ضلع کے تھانہ منڈی سب ڈویژن کے بالائی Bangai گاؤں میں کیا گیا۔ حکام کے مطابق سکیورٹی فورسز کی گشت کرنے والی ایک ٹیم کو مکان کے نزدیک دیسی ساخت کا یہ دھماکہ خیز حربہ ملا اور بم کو ناکارہ بنانے والے دستے کو طلب کیا گیا، جس نے محدود شکل میں دھماکہ کرکے اِسے تباہ کرنے کا فیصلہ کیا۔×

## Trump Food Imports

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غذائی اشیاء کی درآمدات پر عائد محصولات میں کٹوتی کی ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت کیا گیا ہے، جب خوراک کی قوت خرید، ایک ممکنہ سیاسی عنصر کے طورپر اُبھر رہی ہے۔

اِس اقدام سے بھارت کی آم، انار اور چائے کی برآمدات کو فائدہ پہنچنے کا امکان ہے۔ وہائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ Tropical پھلوں نیز پھلوں کے Juice، چائے اور مسالوں کی درآمدات پر جوابی محصولات کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ وہائٹ ہاؤس کی اِس فہرست میں شامل دیگر اشیاء میں چائے، کافی، کوکو، سنترے، ٹماٹر اور بیف شامل ہیں۔

اِس سے پہلے، ٹرمپ نے بھارت سے ہونے والی درآمدات پر 25 فیصد جوابی محصول عائد کیا تھا اور بعد میں روس سے تیل خریدنے کی بنا پر بھارت پر 25 فیصد اضافی تادیبی محصول عائد کیا تھا۔

افراطِ زر پر قابو پانے کے مقصد سے، ٹرمپ نے اِس سے پہلے Generic ادویہ کو محصولات سے مستثنیٰ کیا تھا، جس سے بھارت کو فائدہ پہنچا تھا۔ بھارت، امریکہ میں تجویز کی جانے والی Generic دواؤں کا 47 فیصد حصہ برآمد کرتا ہے۔×

## National Press Day

آج پریس کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ایک آزاد اور ذمہ دار پریس کے کردار کا جشن منانے کیلئے ہر سال 16 نومبر کو منایا جاتا ہے۔

1966 میں آج ہی کے دن پریس کاؤنسل آف انڈیا کا قیام عمل میں آیا تھا، جس نے اِسی دن سے اپنے کام کا آغاز کیا تھا۔ اپنے قیام کے بعد سے، کاؤنسل نے ایک آزاد اخلاقی نگراں کے طور پر کام کیا ہے، جو صحافت کے اعلیٰ معیارات کو سربلند رکھنے اور پریس کو بیرونی دباؤ اور خطرات سے بچانے کیلئے کام کر رہی ہے۔ اِس سال کے موضوع کے تحت درست اور اخلاقی رپورٹنگ کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، غلط معلومات کے بڑھتے رجحان کے دوران پریس کی ساکھ کی حفاظت پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔×

## Delhi - Al Falah FIR

دلّی کرائم برانچ نے الفلاح یونیورسٹی کے خلاف دو الگ الگ FIR درج کی ہیں۔ ایک FIR دھوکہ دہی کے الزام میں جبکہ دوسری FIR جعل سازی سے متعلق دفعات کے تحت درج کی گئی ہے۔ دلّی پولیس کے ذرائع کے مطابق، کرائم برانچ

کی ایک ٹیم نے کل قومی راجدھانی کے اوکھلا میں واقع یونیورسٹی کے دفتر کا معائنہ کیا تھا۔ دلّی پولیس نے یونیورسٹی کو نوٹس بھی جاری کیا ہے اور اس سے کچھ دستاویزات طلب کی ہیں۔

پولیس کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC اور National Assessment & Accreditation Council NAAC کے جائزوں کے دوران، یونیورسٹی میں سنگین بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیے جانے کے بعد، یہ FIR درج کی گئی ہیں۔×

**Metro Gates - Red Fort**

دلّی میٹرو کے لال قلعہ اسٹیشن کے سبھی Gate اب مسافروں کیلئے کھول دیئے گئے ہیں۔ اِس مہینے کی 10 تاریخ کو دلّی میں لال قلعے کے نزدیک ایک کار میں دھماکے کے بعد لال قلعہ میٹرو اسٹیشن بند کردیا گیا تھا۔ x

**Cricket India Vs SA**

مردوں کی کرکٹ میں، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کھیلے جارہے پہلے ٹسٹ میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 124 رَن کا نشانہ رکھا ہے اور بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 6 وکٹ پر 75 رَن بنا لئے تھے۔

اِس سے پہلے آج کھیل کے تیسرے دن جنوبی افریقہ نے 7 وکٹ پر 93 رَن سے آگے کھیلنا شروع کیا اور پوری ٹیم 153 رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ x

**World Boxing Cup**

بھارت عالمی باکسنگ کپ Finals کی میزبانی کررہا ہے، جو گریٹر نوئیڈا میں شہید وجے سنگھ پاٹھک اسپورٹس کمپلیکس میں آج سے لے کر اِس مہینے کی 20 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ یہ میچ اب سے کچھ دیر بعد 2 بجے شروع ہوں گے۔ یہ مقابلے 2025 کی ورلڈ باکسنگ کپ سیریز کا حتمی مرحلہ ہے۔ اِس سے قبل برازیل، پولینڈ اور قزاخستان میں یہ مقابلے ہوئے تھے۔

18 ملکوں کے تقریباً 130 مکے باز اِس میں حصہ لے رہے ہیں۔ 20 زمروں میں سے ہر ایک میں سال کے 8 بہترین مکے باز اِس میں شامل ہیں۔

میزبان بھارت سبھی 20 زمروں میں مقابلہ کرے گا اور میناکشی ہڈا ، نکہت زریں، Jaismine Lamboria اور Saweety Boora جیسی سرکردہ مکے باز اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔

بھارت کو مردوں کے زمرے میں بھی تمغے ملنے کی امید ہے۔ اِن میں Abhinash Jamwal اور Hitesh مقابلہ کریں گے۔

اِدھر بھارت کی باکسنگ فیڈریشن کے صدر اجے سنگھ نے بھارت میں پہلی مرتبہ Finals کی میزبانی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکے بازی کی درجہ بندی میں بھارت اوپر آگیا ہے اور اِن مقابلوں میں بھی بھارت کو تمغے ملنے کا قوی امکان ہے۔ x

**Tennis - ATP Final Champ**

ٹینس میں، اٹلی میں Turin کے مقام پر آج رات ATP فائنل چیمپئن شپ مقابلے میں اسپین کے سرکردہ کھلاڑی اور دو مرتبہ عالمی نمبر ایک رہنے والے کھلاڑی Carlos Alcaraz کا مقابلہ Yannik Sinner سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 10 بجے شروع ہوگا۔ Alcaraz اِس سال کسی ٹورنامنٹ کے فائنل میں 11ویں مرتبہ کھیل رہے ہیں۔ اِس طرح وہ 2013 میں رافیل نڈال کے بعد سے ATP Finals میں پہنچنے والے اسپین کے پہلے کھلاڑی ہیں۔ x

**Trade Fair - Digital India Pavilion**

دلّی میں جاری بھارت کے 44 ویں بین الاقوامی Trade Fair میں، ڈیجیٹل انڈیا پویلین میں ملک میں ڈیجیٹل ایکو نظام میں آئی کایا پلٹ تبدیلی کے سفر کو اجاگر کیا جارہا ہے، جس کے تحت محفوظ اور سبھی کی شمولیت والی ڈیجیٹل سرکاری خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔

اِس پویلین میں Digi-Locker، اُمنگ، My-Scheme، NIXI، NIELIT، Cert-In، انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن - ISM اور آدھار جیسی ای-حکمرانی سے متعلق پہل قدمیوں کو نمایاں کیا جارہا ہے۔x

**Sabarimala**

کیرالہ کے مشہور سبریمالا مندر کو آج شام سالانہ Mandala-Makaravilakku یاترا سیزن کیلئے کھول دیا جائے گا۔ Travancore Devaswom بورڈ – TDB نے کہا ہے کہ سبھی تیاریاں پوری کرلی گئی ہیں۔ یہ مقدس مندر شام 5 بجے کھولا جائے گا، جس کے دوران جناب E.D Prasad، سبریمالا کے نئے Melshanthi یعنی مکھیہ گرنتھی کا عہدہ سنبھالیں گے، جبکہ M.G Manu مَلیکپ پورم کے نئے Melshanthi ہوں گے۔x

**Boat Capsize**

لیبیا کے ساحل کے نزدیک تقریباً 95 غیرقانونی تارکینِ وطن کو لے جانے والی دو کشتیوں کے الٹنے کے حادثے میں بنگلہ دیش کے چار شہریوں کی موت ہوگئی۔ لیبیا کی ہلالِ احمر سوسائٹی نے اِس واقعے کی تصدیق کی ہے، جو جمعرات کی رات کو طرابلس کے کوئی 118 کلومیٹر مشرق میں ساحلی شہر Al-Khums کے نزدیک پیش آیا تھا۔ تنظیم کے مطابق ایک کشتی میں 26 بنگلہ دیشی تارکینِ وطن سوار تھے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆